© rasailojaraid.com



سستی نہ کریں اور پھر وہ میری نافرمانی کریں تو میں ان کو ضرور نافرمانوں کی منزل پر اتار دوں گا، یہ سن کر حضرت آدم علیہ السلام کوہِ ہند پر تین سو برس تک روتے رہے، اُن کے آنسو پہاڑی نالوں میں بہتے تھے اور ان سے پاکیزہ درخت اُگ آتے تھے، پھر حضرت جبرئیل نے کہا کہ اے آدم علیہ السلام! بیت اللہ جایئے اور عشرۂ ذی الحج کے منتظر رہئے۔ شاید اللہ تعالیٰ آپ کی لغزش پر رحم فرمائے! حضرت آدم وہاں سے کعبہ کو روانہ ہو گئے، حضرت آدم کا قدم جس جگہ پڑتا تھا وہ جگہ سرسبز ہو جاتی تھی اور دونوں قدموں کے درمیان کی جگہ بنجر رہتی تھی اور حضرت آدم علیہ السلام کے دونوں قدموں کے درمیان کا فاصلہ تین فرسنگ ہوتا تھا، غرض حضرت آدم علیہ السلام کعبہ شریف پہنچ گئے، وہاں پہنچ کر پورے ایک ہفتہ طواف کیا، اور اتنا روئے کہ گھٹنوں گھٹنوں تک پانی چڑھ گیا، حضرت آدم نے عرض کیا! الٰہی تیرے سوا کوئی معبود نہیں تو پاک ہے میں تیری حمد کرتا ہوں، میں نے بدی کی اور اپنے اوپر خود ظلم کیا۔ میرا قصور معاف فرما دے تو تمام بخشنے والوں سے بہتر ہے تو ارحم الراحمین ہے۔ مجھ پر رحم فرما! اللہ تعالیٰ نے اس کے بعد وحی بھیجی اور فرمایا! آدم مجھے تیری کمزوری پر رحم آ گیا۔ میں نے تیرا گناہ معاف کر دیا اور تیری توبہ قبول کر لی۔ آیت فَتَلَقّٰی اٰدَمُ مِنۡ رَّبِّہٖ کَلِمَاتٍ فَتَابَ عَلَیۡہِ کی تفسیر و تشریح ہے۔ یہ اسی عشرہ کی برکت تھی کہ اللہ تعالیٰ نے آدم علیہ السلام کی توبہ قبول کی، پس اسی طرح اگر کوئی مؤمن اللہ کا نافرمان ہو جائے اور نفسانی خواہشات کی پیروی کرنے لگے اور وہ ان دنوں میں (عشرۂ ذی الحجہ) توبہ کرے اور اللہ کی طرف رجوع کرے اور خدا کا فرمانبردار بن جائے تو اللہ اس پر مہربانی فرمائے گا اور اس کے گناہ معاف فرمائے گا۔ اپنی مہربانی سے اس کے گناہوں کو نیکیوں سے

ڈاکٹر نور احمد شاہتاز صاحب کی تمام کتب تھوک اور ارزاں نرخوں پر ہم سے حاصل کیجئے

☆ تاریخ نفاذ حدود ☆ کاغذی کرنسی کی شرعی حیثیت ☆ چند جدید معاملات کی شرعی حیثیت
کریڈٹ کارڈ ۔ ۴ کلوننگ ۔ امام وخطیب کی شرعی ومعاشرتی حیثیت مختصر نصاب سیرت
☆ مختصر نصاب فقہ ☆ مختصر نصاب قرآن ۹۔ مختصر نصاب حدیث ۔ انڈیکس شرح صحیح مسلم
روزہ رکھیے مگر ! ۔ قربانی کیسے کریں ۔ آسان مختصر دعائیں ۔ لوگ کیا کہیں گے؟
☆ کڑوی روٹی ☆ بینکوں کے ذریعہ زکوۃ کی کٹوتی کی شرعی حیثیت ☆ رطب ویابس

اسلامک بک کارپوریشن دکان نمبر ۳ فضل داد پلازا اقبال روڈ کمیٹی چوک راولپنڈی

© rasailojaraid.com